بند کیجئے پرنٹ کیجئے اپنے احباب کو ای میل کیجئے

جنگ

Share

不動産査定／三井のリハウス
www.rehouse.co.jp/sellers/
三井のリハウスでスピード無料査定！ 確かな経験と実績で安心の不動産査定。

ملک کے سب سے بڑے بجلی گھر پاور پلانٹ کی تعمیر شروع

نواز شریف کا مزید 6 ایٹمی بجلی گھر قائم کرنیکا اعلان

ایٹمی توانائی پر انحصار کیا جائیگا، پاکستان کو لوڈ شیڈنگ سے نجات دلائیں گے، اٹامک انرجی کمیشن مقامات کی نشاندہی کرے، حکومت ہر قسم کی معاونت کریگی، وزیراعظم کا تقریب سے خطاب

سندھ حکومت تحفظ پاکستان آرڈیننس پر فوری عملدرآمد یقینی بنائے، کراچی میں آپریشن سے عوام کا اعتماد بحال ہوا ہے، نواز شریف کی زیر صدارت امن وامان کی صورتحال پر اجلاس

کراچی (اسٹاف رپورٹر) وزیراعظم نواز شریف نے پاکستان کو لوڈشیڈنگ سے نجات دلانے کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ ملک میں بجلی کا بحران حل کرنے کیلئے ایٹمی توانائی پر انحصار کیا جائیگا اور مزید 6 ایٹمی بجلی گھر قائم کیے جائینگے، پاکستان اٹامک انرجی کمیشن مقامات کی نشاندہی کرے، حکومت ہر قسم کی معاونت کریگی۔ ان خیالات کا اظہار وزیراعظم نواز شریف نے منگل کو شہر قائد میں کوسٹل پاور منصوبے کے تحت 2200 میگاواٹ کے ملک کے پہلے بڑے جوہری بجلی گھر کی تعمیر کے منصوبے کے افتتاح کے موقع پر تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ نواز شریف نے کہا ملک کے سب سے بڑے جوہری توانائی منصوبے کا سنگ بنیاد رکھنے کراچی آیا ہوں، 2200 میگاواٹ بجلی گھر کے منصوبے کی تعمیر توانائی بحران کے خاتمے میں اہم سنگ میل ثابت ہو گی جبکہ ملک میں گیس کا بحران حل کرنے کیلئے قدرتی مائع گیس کی درآمد آئندہ برس شروع کردی جائیگی، پاکستان کے اقتصادی مرکز کراچی کو دنیا کا انتہائی ترقی یافتہ ساحلی شہر بنائینگے، کراچی کے عوام شہر میں امن اور تجارتی سرگرمیوں کی بحالی کیلئے حکومت کی طرف دیکھ رہے ہیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ دیامیر بھاشا اور داسو ڈیمز کے منصوبوں پر بیک وقت کام شروع کریگے، پونجی ڈیم سمیت پن بجلی گھروں کے منصوبوں پر بھی کام کیا جائیگا۔ انہوں نے کوسٹل پاور منصوبے کی تکمیل میں پاکستان اٹامک انرجی کمیشن کی کاوشوں کو سراہا۔ تقریب میں گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد خان، وزیر اعلیٰ سندھ قائم علی شاہ، پاکستان میں چین کے سفیر سن وائی ننگ، وفاقی وزراء احسن اقبال اور خواجہ آصف، پاکستان اٹامک انرجی کمیشن کے چیئرمین عنصر جاوید اور دیگر بھی موجود تھے۔

کراچی (اسٹاف رپورٹر) وزیراعظم نواز شریف نے سندھ حکومت کو ہدایت کی ہے کہ تحفظ پاکستان آرڈیننس پر فوری عملدرآمد یقینی بنایا جائے، سنگین جرائم میں ملوث ملزمان کے مقدمات دوسرے صوبوں میں منتقل کیے جائیں تاکہ گواہوں اور استغاثہ کو تحفظ مل سکے، کراچی میں ٹارگٹڈ آپریشن سے عوام کا اعتماد بحال ہوا ہے۔ وزیراعظم نے ملک میں غیر قانونی سمز کی بندش کیلئے (پی ٹی اے) کو حکم جاری کیا ہے کہ نئی موبائل سمز کے اجراء کیلئے بائیو میٹرک سسٹم فوری طور پر نافذ کیا جائے۔ منگل کو گورنر ہاؤس کراچی میں امن وامان کے حوالے سے اعلیٰ سطح کا اجلاس وزیراعظم نواز شریف کی زیر صدارت ہوا۔ اجلاس میں کراچی میں جاری ٹارگٹڈ آپریشن کے اب تک کے نتائج کا جائزہ لیا گیا اور آپریشن کے تیسرے مرحلے کے بارے میں حکمت عملی طے کی گئی۔ چیف سیکرٹری سندھ، ایڈیشنل چیف سیکرٹری محکمہ داخلہ سندھ، ڈی جی رینجرز اور آئی جی پولیس نے وزیر اعظم کو قانون نافذ کرنیوالے اداروں کی کارکردگی اور آپریشن کے تیسرے مرحلے کے آپریشن پلان سے آگاہ کیا۔ اجلاس میں وزیراعظم کو بتایا گیا کہ جرائم پیشہ عناصر کیخلاف مؤثر ٹرائل کیلئے مزید انسداد دہشت گردی عدالتوں کے قیام اور ان میں ججز کی تقرری کیلئے درخواست چیف جسٹس سندھ ہائیکورٹ کو بھیج دی گئی ہے، ان کی منظوری کے بعد یہ عدالتیں فوری قائم کردی جائینگی۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ ٹارگٹڈ آپریشن اور چھاپوں میں 9 ہزار سے زائد جرائم پیشہ افراد کو گرفتار کیا گیا ہے، ان میں 3 ہزار اشتہاری ملزمان تھے، 5 ہزار سے زائد گرفتار ملزمان کے چالان عدالتوں میں پیش کردیئے گئے ہیں۔ وزیراعظم نے ہدایت کی کہ تفتیش کے نظام کو جدید خطوط پر استوار کیا جائے اور تفتیشی افسران کو ماسٹر ٹرینرز کی مدد سے جدید دور کے تقاضوں کے مطابق ٹریننگ دلائی جائے۔

ShareThis

آج کا اخبار پڑھئے